This Question Paper consists of **42** questions and **11** printed pages.

اس سوال نامہ میں کل 42 سوالات اور 11 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.**
رول نمبر

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

**Code No.** کوڈ نمبر **68/SS/O/U**

**SET** **A**

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Day and Date of Examination :**
امتحان کا دن اور تاریخ ______________________

**Signature of Invigilators :**
نگران کار کے دستخط 1. ______________________

2. ______________________

**General Instructions :**

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.
2. Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the Question Paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper code No. **68/SS/O/U-A** on the Answer-Book.

**ھدایات :**

.1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

.2 مہربانی کرکے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

.3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

.4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **68/SS/O/U-A** لکھیے۔



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Time : 3 Hours ]** **[ Maximum Marks : 100**

**[ وقت : 3 گھنٹے** **کل مارکس : 100 ]**

---

**نوٹ :**

(i) یہ سوالنامہ مجموعی طور پر 42 سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 18 تک ایک سے زیادہ انتخابی سوالات (MCQs) ہیں اور ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص کیا گیا ہے۔ آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھیے۔

(v) سوال نمبر 19 سے 22 تک مختصر تر (Objective type) سوالات ہیں، جن میں 3 نمبروں کے دو سوالات، 5 نمبر کا ایک سوال اور 10 نمبر کا ایک سوال ہے۔ ہدایت کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 23 سے 37 تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں۔ جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔ دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جواب دیجیے۔

(vii) سوال نمبر 38 سے 42 تک اختیاری (3A) اور اختیاری (3B) میں سے طالب علم کو ایک حصے کو چن کر سوالات کے جوابات دینا ہوں گے۔

اس اختیاری حصہ میں سوال نمبر 38 سے 41 تک مختصر تر جوابات والے سوالات (objective type question) ہیں جبکہ سوال نمبر 42 وضاحتی سوال ہے۔

**Note :**
(1) Answer of all questions are to be given in the Answer-Book given to you.
(2) 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 02.15 p.m. From 02.15 p.m. to 02.30 p.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

---



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## SECTION - A

## (حصّہ - A)

.1 سبق 'حقِ وفاداری'' کس داستان سے ماخوذ ہے ؟ 1

(A) باغ و بہار سے (B) فسانۂ عجائب سے (C) طلسمِ ہوش ربا سے (D) ''طوطا کہانی'' سے

.2 دربان نے بادشاہ سے غلط بیانی کیوں کی : 1

(A) وہ جھوٹا تھا (B) وہ بے غرض اور وفادار تھا اور اپنا احسان نہیں جتانا چاہتا تھا۔

(C) وہ بے وقوف تھا (D) وہ بہت چالاک تھا

.3 ''پوس کی رات'' بحیثیت صنف کیا ہے ؟ 1

(A) نظم (B) افسانہ (C) خاکہ (D) ناول

.4 ''مرمر کر کام کرو پیداوار ہو تو اس سے باقی ادا کرو۔'' 1

مذکورہ بالا جملہ کس نے کہا ؟

(A) ہلکو نے (B) منی نے (C) شہنا نے (D) امین نے

.5 ''مایا'' کس افسانے کا کردار ہے ؟ 1

(A) ''پوس کی رات'' کا (B) ''عیدگاہ'' کا (C) ''چوتھی کا جوڑا'' کا (D) ''بھولا'' کا

.6 کہانی سننے کے بعد بھولا خوش کیوں نہ ہوا؟ 1

(A) کہانی اچھی نہیں تھی (B) دادا جی نے آدھی ہی کہانی سنائی تھی

(C) اس کے دل میں ماما کے راستہ بھول جانے کا وہم سما گیا تھا (D) ان میں سے کوئی نہیں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

7. بھولا آدھی رات کے وقت گھر سے نکل گیا تھا کیونکہ : 1

(A) وہ اپنے ماما سے سب سے پہلے ملنا چاہتا تھا

(B) وہ ماما جی کو حیران کر دینا چاہتا تھا

(C) اس کے دل میں یہ وہم سما گیا تھا کہ اگر ماما جی راستہ بھول گئے تو میں ذمہ دار ہوں گا

(D) ان میں سے کوئی نہیں

8. ''مِس چڑیا کی کہانی'' بحیثیت صنف کیا ہے ؟ 1

(A) داستان (B) ناول (C) انشائیہ (D) افسانہ

9. ''برج بانو'' کیا ہے ؟ 1

(A) ایک لڑکی ہے (B) اردو کا تمثیلی خاکہ ہے (C) مِس انڈیا ہے (D) ایک ادھیڑ عورت ہے

10. 'امامی' کس کا کردار ہے ؟ 1

(A) ''دروازہ کھول دو'' (B) ''چوتھی کا جوڑا'' (C) چچا چھکن نے تیمارداری کی (D) امید کی خوشی

11. نظم ''نئی تہذیب'' کس شاعر کی تخلیق ہے ؟ 1

(A) مخدوم محی الدین (B) اکبرالہ آبادی (C) جاں نثار اختر (D) ساحر لدھیانوی

12. ''نئی تہذیب'' سے کون سی تہذیب مراد ہے ؟ 1

(A) مغربی تہذیب (B) ایرانی تہذیب (C) ہندوستانی تہذیب (D) چینی تہذیب



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

13. مصرعہ مکمل کیجئے : 1

یہ موجودہ طریقے ۔۔۔۔۔۔۔ ہوں گے

(A) نئے سامان بہم ہوں گے (B) بے تال وسَم ہوں گے (C) راہی ملکِ عدم ہوں گے (D) سب سے کم ہوں گے

14. شاعر کے نزدیک خاتونوں میں کیا نہیں رہ جائے گی ؟ 1

(A) پردے کی پابندی (B) مردوں کی عزت (C) بزرگوں کی عزت (D) اپنوں کی محبت

15. نظم ''چاند تاروں کا بن'' کس شاعر کی شاہکار نظم ہے ؟ 1

(A) اکبرالہ آبادی (B) فیض احمد (C) مخدوم محی الدین (D) جاں نثاراخترؔ

16. ''شمع صبح وطن کا جھلملانا'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ 1

(A) شمع کا جلنا (B) شمع کا بجھنا

(C) ستاروں کا ٹمٹمانا (D) مقصدِ آزادی کو ہر وقت سامنے رکھنا

17. ''اگر اور جیتے رہتے'' کیا ہے ؟ 1

(A) استعارہ (B) کنایہ (C) تمثیل (D) تشبیہہ

18. مصرعہ مکمل کیجیے : 1

موت سے کس کو ۔۔۔۔۔۔۔

(A) رستگاری ہے (B) بے قراری ہے (C) یاری ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

19. ۔ یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا **3**

اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

(i) شعری اصطلاح میں یہ شعر کیا کہلائے گا؟

(ii) اس شعر کی ردیف کیا ہے ؟

(iii) اس شعر میں قافیہ کیا ہے ؟

20. ۔ ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی **3**

چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا

(i) یہ شعر کس شاعر کی غزل کا ہے ؟

(ii) مختاری کا متضاد کیا ہے ؟

(iii) تہمت اور عبث کے معنی لکھیے۔

21. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ **5**

(i) گریز کا تعلق کس صنف سخن سے ہے؟

(ii) مرثیے کی تمہید کو کیا کہتے ہیں ؟

(iii) مرزا غالبؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(iv) مرزا شوقؔ لکھنوی کا نام کیا تھا ؟

(v) حسرت موہانی کا سنِ وفات کیا ہے ؟



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

22. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔ 10

(i) داستان ''طوطا کہانی'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

(ii) جزئیات نگاری سے کیا سمجھتے ہیں ؟

(iii) افسانے کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

(iv) ''ادھیڑ بن'' کے معنی لکھیے۔

(v) اکبر الہ آبادی کا پورا نام لکھیے۔

(vi) ''تغیر'' کے معنی لکھیے۔

(vii) شاعر نے لغاتِ مغربی کسے کہا ہے؟

(viii) آزاد نظم کی تعریف لکھیے۔

(ix) ''تشنگی تھی مگر
تشنگی میں بھی سرشار تھے''
یہاں ''تشنگی'' کس کا استعارہ ہے؟

(x) ''سوئے منزل چلو'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

23. درج ذیل شعری اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے : 6

''کل جو رکھتے تھے اپنے فرق پہ تاج
آج ہیں فاتحہ کو وہ محتاج
تھے جو خود سر جہان میں مشہور
خاک میں مل گیا سب ان کا غرور''

یا

پہنچے قریبِ فوج تو گھبرا کے رہ گئے
چاہا کریں سوال پر شرما کے رہ گئے
غیرت سے رنگ فق ہوا تھرا کے رہ گئے
چادر پسر کے چہرے سے سرکا کے رہ گئے
آنکھیں جھکا کے بولے کہ یہ ہم کو لائے ہیں
اصغر تمہارے پاس غرض لے کے آئے ہیں



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

24. مرثیہ کی تعریف بیان کیجیے اور اردو کے دو اہم مرثیہ گو شعراء کے نام لکھیے۔ 6

یا

مثنوی کی تعریف بیان کیجیے اور اردو کی دو اہم مثنویوں کے نام لکھیے۔

25. سوّدا کے حالاتِ زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

یا

دبیؔر کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔

26. سرسید احمد خاں کی سوانحیات لکھیے۔ 4

27. نظم ''چاندتاروں کا بن'' کا مرکزی خیال لکھیے۔ 4

28. حکیم مومؔن خاں مومؔن کی سوانحیات لکھیے۔ 4

29. ہلکو مزدوری کو کھیتی پر ترجیح کیوں دیتا تھا؟ 2

30. بچوں کو اچھا انسان بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟ 2

31. شاعر کو زبان میں کس طرح کے بگاڑ کا ڈر ہے؟ 2

32. آزادی مل جانے کے بعد لوگ خوشیاں کیوں نہیں منا سکے؟ 2

33. نظم ''چاندتاروں کا بن'' میں 'دیوارِ غم' اور 'خارزارِ الم' کس کے استعارے ہیں؟ 2

34. میر تقی میرؔ کو ''خدائے سخن'' کیوں کہا جاتا ہے؟ 2

35. غزل مسلسل کی تعریف لکھیے۔ 2

36. صنعتِ تضاد کی تعریف مع مثال لکھیے۔ 2

37. حسنِ تعلیل کی تعریف مع مثال لکھیے۔ 2



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## حصہ (الف)

## اختیاری 3A

**.38** مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : **5**

(i) رپورٹ کسے کہتے ہیں ؟

(ii) رپورٹ کیسے تیار کی جاتی ہے ؟

(iii) رپورٹ میں بنیادی طور پر کون کون سے اجزاء شامل ہوتے ہیں ؟

(iv) عام طور پر سالانہ رسائل کیوں شایع کیے جاتے ہیں؟

(v) واقعاتی / حادثاتی رپورٹ سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟

**.39** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : **4**

(i) ''سرخیاں'' کسے کہتے ہیں؟

(ii) اداریہ کس کے نام سے شایع ہوتا ہے؟

(iii) سرخیاں موٹے / جلی حروف میں کیوں لکھی جاتی ہیں؟

(iv) اداریہ کو اخبار میں کہاں جگہ دی جاتی ہے ؟

**.40** رپورٹ میں زبان استعمال ہوتی ہے : **1**

(A) موضوع کے اعتبار سے

(B) موضوع سے ہٹ کر

(C) موضوع کی ضرورت سے مختلف

(D) موضوع اور زبان کا کوئی تعلق نہیں ہے

**.41** سرخیاں موضوع یا مواد کو ----- **1**

(A) تفصیل سے پیش کرتی ہیں

(B) صحیح طور پر پیش کرتی ہیں

(C) غلط طور پر پیش کرتی ہیں

(D) تنقیدی طور پر پیش کرتی ہیں

**.42** اخبار میں اداریہ کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے ۔ **4**



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

## حصّہ (ب)

### اختیاری ۔ 3B

.38 درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : 5

(i) اخباری انٹرویو کی ابتدا کہاں ہوئی ؟

(ii) خبر کی تعریف لکھیے ۔

(iii) 'طے شدہ خبر' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(iv) فیچر کی کوئی دو خصوصیات لکھیے ۔

(v) 'عام خبر' کیا ہے ؟

.39 درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : 4

(i) 'انٹرویو' کیا ہے ؟

(ii) مقاصد کے اعتبار سے انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(iii) شخصی انٹرویو کیوں کیا جاتا ہے ؟

(iv) فیچر لکھتے وقت کس بات کا دھیان رکھا جاتا ہے ؟

.40 فیچر پڑھ کر لطف حاصل ہوتا ہے کیونکہ 1

(A) اس کی زبان مشکل ہوتی ہے

(B) یہ مضمون سے مختلف ہے

(C) یہ ہلکے پھلکے انداز میں لکھا جاتا ہے

(D) اس میں مزاح ہوتا ہے



Unnati Educations
9899436384, 9654279279

.41 غیر طے شدہ خبروں کو جمع کرنے کے لیے ۔۔۔۔۔ضرورت ہوتی ہے۔ 1

(A) اَن پڑھ لوگوں کی

(B) پڑھے لکھے لوگوں کی

(C) سست رپورٹروں کی

(D) تجربہ کار اور پھرتیلے نامہ نگاروں کی

.42 خبر لکھنے کا طریقہ لکھیے۔ 4



Unnati Educations
9899436384, 9654279279